ACT Government
Education and Training

انگلش کی تعلیم بطور اضافی زبان یا اسلوب

والدین کیلئے معلومات

بچے کی تعلیم میں والدین اہم ہوتے ہیں۔ ACT میں کام کی نہج کا ایک بنیادی حصہ یہ ہے کہ سکول والدین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے بچوں کو بہترین ممکن تعلیم فراہم کریں۔ آپ کو سکول کی جانب سے ہمیشہ دعوت ہوتی ہے کہ اپنے بچے کی تعلیم اور فلاح کے معاملات پر بات چیت کیلئے آئیں۔

سکول آنا

یآپ اپنے سکول کے فرنٹ آفس سے رابطہ کر کے اساتذہ سے بات کرنے کیلئے وقت لے سکتے ہیں۔

زیادہ تر سکول سال کے آغاز میں والدین اور اساتذہ کیلئے شام کا انعقاد کرتے ہیں۔ اس موقع پر آپ استاد سے مل سکتے ہیں اور سکول کے بارے میں عام معلومات سن سکتے ہیں۔ سال کے دوران آگے چل کر زیادہ تر سکول والدین اور اساتذہ کے بیچ انٹرویو مہیا کرتے ہیں۔ اس ملاقات میں آپ استاد کے ساتھ سکول میں اپنےبچے کی پیش رفت پر بات کریں گے۔

سکول آپ کو سال کے دوران مختلف پروگراموں میں سکول آنے کی دعوت بھی دے گا۔

پری سکولوں اور پرائمری سکولوں میں اکثر 'اسمبلیاں' ہوتی ہیں جن میں والدین کو دعوت دی جاتی ہے۔ بچے جو کچھ سیکھتے رہے ہوں، اسمبلی کے ذریعے انہیں اس تعلیم کے کچھ حصے دکھانے کا موقع ملتا ہے – ہو سکتا ہے بچے اپنی لکھی ہوئی کہانیاں سنائیں، کوئی ڈرامہ پیش کریں یا گانے گائیں۔ اپنے والدین کو حاضرین میں بیٹھے دیکھ کر بچوں کو بہت خوشی ہوتی ہے۔

کچھ سکول والدین کو کلاس روم میں آنے کی دعوت دیتے ہیں۔ ان مواقع کو کبھی کبھار 'learning journeys' یا 'student led conferences' کا نام دیا جاتا ہے۔ ایسے پروگرام ہر سکول میں دن کے مختلف اوقات پر رکھے جاتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ پروگرام صبح سکول شروع ہونے سے پہلے یا چھٹی کے بعد رکھے جاتے ہیں تاکہ زیادہ والدین شریک ہو سکیں۔ جب آپ کلاس روم میں آتے ہیں تو آپ کا بچہ آپ کو وہ کام دکھاتا ہے جو وہ سکول میں کرتا رہا ہے اور اپنی تحصیل علم کے بارے میں بات کرتا ہے۔

سکولوں میں اکثر سپورٹس کارنیوال اور دوسرے اجتماعی پروگرام بھی رکھے جاتے ہیں جن میں والدین کی شرکت کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

اپنی زبان استعمال کرنا

اسمبلیوں اور کلاس روم میں آنے کیلئے ضروری نہیں ہے کہ آپ انگلش بولتے ہوں۔ آپ جب بھی کلاس روم میں آئیں، آپ کا بچہ آپ کو اپنا کام دکھا سکتا ہے اور اپنے گھر کی زبان میں آپ کو اس کی وضاحت دے سکتا ہے۔

ACT گورنمنٹ نے تہیہ کر رکھا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کیلئے معلومات اور اپنی خدمات تک رسائی ممکن بنائے۔ اگر انگلش آپ کی اولین زبان نہیں ہے اور آپ کو اپنی زبان بولنے میں زیادہ سہولت محسوس ہوتی ہے تو آپ سکول سے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) مانگ سکتے ہیں۔ آپ کو اس کا کوئی معاوضہ نہیں دینا پڑے گا۔

آپ استاد کے ساتھ انٹرویو اور ملاقاتوں کیلئے انٹرپریٹر کی مدد لے سکتے ہیں جس کا انتظام سکول کرے گا۔ اگر آپ کو کسی بھی وقت کسی مسئلے پر بات کرنے یا کوئی سوال پوچھنے کی ضرورت ہو تو آپ سکول سے کہ سکتے ہیں کہ تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس استعمال کرتے ہوئے آپ سے بات کرے۔ یہ انٹرپریٹر بالعموم فون پر خدمات مہیا کرتے ہیں۔

انٹرپریٹر کا بندوبست تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (Translating and Interpreting Service, TIS) کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ سروس کا فون نمبر 450 131 ہے۔

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس 160 سے زیادہ مختلف زبانوں میں ترجمہ مہیا کرتی ہے۔ آپ اس ویب سائیٹ پر اپنی زبان میں ان خدمات کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں۔

سکول کے سلسلے میں بچے کی مدد کرنا

اگر آپ کا بچہ ابھی بھی انگلش بولنا، پڑھنا اور لکھنا سیکھ رہا ہے تو وہ 'انگلش بطور اضافی زبان' (English as an Additional Language, EAL) کا طالبعلم ہے اور اسے پڑھائی میں مدد کی غرض سے سکول میں اضافی سہارا فراہم کیا جاتا ہے۔

آپ بھی اپنے بچے کو سکول میں اچھی کارکردگی دکھانے کیلئے مدد دے سکتے ہیں۔ ایک بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ بچے کے ساتھ اپنی زبان بولنا جاری رکھیں۔ ماہرین نے دریافت کیا ہے کہ گھر کی زبان جاری رکھنے سے ایک نئی زبان سیکھنے میں بہت مدد ملتی ہے۔ اپنے گھر کی زبان میں پڑھنا اور لکھنا سیکھنے سے بھی بچے کو انگلش پڑھنے اور لکھنے میں مدد ملے گی۔ آپ اپنے گھر کی زبان میں کتابیں، اخبارات، وڈیوز اور ٹی وی شوز وغیرہ مہیا کر کے اپنے گھر کی زبان کی نشوونما میں مدد کر سکیں گے۔ بچے اپنے گھر کی زبان سے حاصل ہونے والی مہارتوں کو انگلش سیکھنے میں استعمال کرتے ہیں۔ اپنے گھر کی زبان استعمال کرنے سے آپ اپنے بچے کے ساتھ اپنا تعلق بھی مضبوط رکھتے ہیں۔

میرا بچہ سکول میں کیا سیکھے گا؟

سکول میں تمام پڑھائی نصابی کتابوں کے ذریعے نہیں ہوتی۔ بیشتر اساتذہ چاہتے ہیں کہ بچے 'عملی طور پر سیکھیں؛ لہذا عام طور پر کلاس روم میں بہت سی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔

آسٹریلین سکولوں میں تمام طالبعلم آسٹریلین نصاب کے مواد کے مطابق تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ آسٹریلین نصاب میں اس وقت یہ مضامین شامل ہیں:

- انگلش
- حساب
- ہیومینیٹیز (بشریات) اور سوشل سائنسز
- سائنس
- آرٹس
- صحت اور فزیکل ایجوکیشن
- ٹیکنالوجیز
- زبانیں

آسٹریلین نصاب کا مواد آن لائن دستیاب ہے جہاں کوئی بھی شخص یہ دیکھ سکتا ہے۔
http://www.australiancurriculum.edu.au

کیا میرے بچے کو ہوم ورک ملا کرے گا؟

ہر سکول ہوم ورک کے سلسلےمیں اپنی پالیسی رکھتا ہےاپنے بچے کے استاد سے بات کر کے معلوم کریں کہ وہ ہوم ورک کے سلسلے میں کیا توقعات رکھتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو ہوم ورک سمجھ نہ آئے تو آپ کو کلاس روم ٹیچر سے اس بارے میں بات کرنی چاہیئے۔ کچھ سکولوں میں ہوم ورک کیلئے مدد کے پروگرام ہوتے ہیں جہاں بچوں کو ہوم ورک کیلئے اضافی مدد مل سکتی ہے۔

گھر میں لطف اٹھانے کی خاطر کتابیں پڑھنا سکول کی پڑھائی کو تقویت دینے کا ایک بہت اچھا طریقہ ہے۔ آپ اپنے بچوں کو کتابیں پڑھ کر سنا سکتے ہیں یا بچوں کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں یا بچے خود پڑھ سکتے ہیں۔ بچے آڈیو بکس کی صورت میں دوسرے لوگوں کو کتابیں پڑھتے ہوئے بھی سن سکتے ہیں۔ سکول لائبریری یا مقامی پبلک لائبریری سے کتابیں مفت ادھار لی جا سکتی ہیں۔

اتنے زیادہ دورے اور سیریں کیوں؟

دورے– سکول سے باہر مختلف مقامات کی سیر اور سکول کیمپ آسٹریلین سکولوں میں بہت عام ہیں۔ یہ طالبعلم کے سیکھنے کیلئے اہم ہوتے ہیں۔ بچے بہت سی نئی معلومات حاصل کرتے ہیں جنہیں وہ سکول میں اپنے کلاس روم کے کام میں استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ ہم جماعتوں اور سکول کے عملے کے ساتھ مثبت تعلقات بڑھانے کا بھی بہت عمدہ موقع فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ دورہ جات اور کیمپوں میں اپنے بچے کی شرکت کیلئے تعاون کریں تو اس سے آپ کے بچے کو سوشل حوالے سے بھی فائدہ ہو گا اور تعلیم کے حوالے سے بھیہ سکول کے دورےبالعموم سکول کے اوقات میں ہوتے ہیں۔ سکول کیمپ میں بچے بالعموم ایک دن سے زیادہ رہتے ہیں۔ دورہ جات اور سکول کیمپوں میں ہمیشہ اساتذہ بچوں کے ساتھ موجود ہوتے ہیں۔

اپنے بچے کو دورے یا سکول کیمپ پر جانے کی اجازت دینے کیلئے آپ کا ایک اجازت نامے پر دستخط کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ دورے یا کیمپ کے بارے میں ٹھیک طرح نہیں سمجھ پائے ہیں تو سکول سے انٹرپریٹنگ سروس استعمال کرنے کیلئے کہنا یاد رکھیں۔

اگر دورے یا کیمپ کے خرچ کی وجہ سے آپ کے بچے کیلئے شریک ہونا مشکل ہے تو سکول کے عملے سے بات کریں۔ کئی سکول ایسے حل فراہم کرتے ہیں کہ اس کے باوجود آپ کا بچہ دورے یا کیمپ پر جا سکتا ہے۔